۱۰ رمضانُ المبارک (بعد نمازِ عصر) ہونے والے مدنی مذاکرے کا تحریری گلدستہ

ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنّت (قسط:157)

# شریف اِنسان کو فِرِشتہ کہنا کیسا؟




- سامان، گاڑی، گھر اور پلاٹ بیچنے کا وظیفہ 05
- گھروں میں غوثِ پاک کی تصویر لگانا کیسا؟ 07
- اعلیٰ حضرت نے کتنے دن میں حفظِ قرآن کیا؟ 09



ملفوظات:
شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرت علامہ مولانا ابو بلال
محمد الیاس عطار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ



پیشکش:
مجلس المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلٰى سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط

اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# شریف اِنسان کو فِرشتہ کہنا کیسا؟[1]

شیطان لاکھ سُستی دِلائے یہ رِسالہ (۹ صَفحات) مکمل پڑھ لیجیے اِنْ شَآءَ اللہ معلومات کا اَنمول خزانہ ہاتھ آئے گا۔

## دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ مُصطفےٰ** صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: جس نے مجھ پر ایک مرتبہ دُرُودِ پاک پڑھا اللہ پاک اُس پر 10 رَحمتیں بھیجتا اور اُس کے لیے 10 نیکیاں لکھتا ہے۔[2]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## شریف اِنسان کو "فِرشتہ" اور شرارتی اِنسان کو "شیطان" کہنا کیسا؟

**سُوال:** شریف اِنسان کو فِرشتہ اور شرارتی کو شیطان کہہ سکتے ہیں؟ (سوشل میڈیا کے ذریعے سُوال)

**جواب:** بعض لوگ نیک بندے کو فِرشتہ بول دیتے ہیں کہ یہ فِرشتہ صِفَت آدمی ہے، ایسا بولنا ناجائز نہیں ہے، البتہ کسی شرارتی کو شیطان کہیں گے تو اس کی دل آزاری ہوگی، اس لیے اس کو شیطان کہنا جائز نہیں ہے۔ بعض لوگ بچے کو کہتے ہیں "اوئے شیطان"، "شیطانی کرتا ہے" اس صورت میں بچے کے ماں باپ کو بُرا لگ سکتا ہے، مگر کسی کو یوں شیطان بول دینا کفر نہیں ہے، شیطان تو کافر ہی ہے، یہ مسئلہ "کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب" کتاب میں موجود ہے۔[3]

## "رَحمت" سے کیا مُراد ہے؟

**سُوال:** دُرُودِ پاک پڑھنے والے پر 10 رَحمتیں نازل ہوتی ہیں، یہ اِرشاد فرمائیے کہ یہاں "رَحمت" سے کیا مُراد ہے؟

---

1 ...... یہ رِسالہ ١٠ رَمضانُ المبارک ۱۴۴۱ھ (بعد نمازِ عصر) مطابق 3 مئی 2020ء کو ہونے والے مَدَنی مذاکرے کا تحریری گلدستہ ہے، جسے اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَّۃ کے شعبے "ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنت" نے مُرتَّب کیا ہے۔ (شعبہ ملفوظاتِ اَمیرِ اہلِ سُنَّت)

2 ...... ترمذی، کتاب الوتر، باب ماجاء فی فضل الصلاۃ علی النبی (ت: ۲۳۵)، ۲/۲۸، حدیث: ۴۸۴۔

3 ...... کفریہ کلمات کے بارے میں سُوال جواب، ص ۴۰۴۔



www.dawateislami.net

**جواب:** دُرُودِ پاک پڑھنے والوں پر رحمتیں نازل ہونے سے مُراد یہ ہے کہ "اللہ پاک رَحمت نازل فرماتا ہے۔"(1) نیز بندہ نبیِ پاک صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی بارگاہ میں دُرُودِ پاک بھیجتا ہے اس کا معنیٰ ہے کہ "وہ بندہ رَحمت کی دُعا کرتا ہے۔"(2) پارہ نو سُوْرَۃُ اعراف کی آیت نمبر 156 میں اِرشادِ باری ہے: ﴿ وَ رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍؕ ﴾(3) ترجمۂ کنز الایمان: "اور میری رَحمت ہر چیز کو گھیرے ہے۔" مشہور مُفَسِّر مُفتی اَحمد یار خان رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ تفسیرِ نعیمی میں اس آیتِ مبارکہ کے تحت فرماتے ہیں: اس فرمانِ عالی میں "رَحمت" سے مُراد "رب تعالیٰ کی رَحمتِ عامہ" ہے جس کا ظہور دنیا میں ہو رہا ہے (یعنی جو دنیا میں نظر آ رہی ہے اور دیکھی جا رہی ہے) جیسے زندگی، صحت، دُھوپ، ہَوا، رِزْق اور لباس وغیرہ۔ مفتی صاحب مزید فرماتے ہیں: رہی دوسری رَحمت یعنی "رَحمتِ خاصہ" (یعنی خُصوصی رَحمت اس کا معنیٰ ہے) عرفان (یعنی ربِّ کریم کی پہچان) اور اپنا قُرب (یعنی نزدیکی) وغیرہ یہ ہم اُن کے مُقدَّر (یعنی نصیب یا حصے) میں کرتے ہیں جو پرہیزگار ہوں خُصوصاً زکوٰۃ دیتے ہوں ساتھ ہی وہ ہماری ساری آیات پر ایمان رکھتے ہوں کہ کوئی نیکی ایمان کے بغیر قبول نہیں ہوتی۔(4)

اس آیتِ مبارکہ میں جس "رَحمت" کا تذکرہ ہوا وہاں یہی مراد ہے۔ مزید حضرتِ سَیِّدُنا میر سید شریف علی بن محمد حَنَفِی جُرجانی رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ اپنی کتاب "اَلتَّعْرِیفات" کے صفحہ نمبر 80 پر فرماتے ہیں: بھلائی پہنچانے کا اِرادہ کرنے کو "رَحمت" کہتے ہیں۔(5) "دلیلُ الفالحین" میں ہے: علمائے کِرام نے فرمایا: "غضب" اور "رَحمت" دونوں اللہ پاک کے اِرادے کو کہتے ہیں، لہٰذا اللہ پاک جب کسی نیک بندے کو ثواب اور جزا دینے کا اِرادہ کرتا ہے تو اُسے اس کی "رضا" اور اس کی "رَحمت" کہتے ہیں اور جب کسی گنہگار کو سزا دینے اور اُس کی پکڑ فرمانے کا اِرادہ کرتا ہے تو اُس اِرادے کو "غضب" کہتے ہیں۔(6)

---

1. ......شرح السنة، کتاب الصلاة، باب الصلاة علی النبی، ۲/ ۲۸۰۔
2. ......شرح السنة، کتاب الصلاة، باب الصلاة علی النبی، ۲/ ۲۸۰۔
3. ......پ۹، الاعراف: ۱۵۶۔
4. ......تفسیر نعیمی، پ۹، الاعراف، تحت الآیۃ: ۱۵۶، ۹/ ۲۴۲، ۲۴۴ ملتقطاً۔
5. ......التعریفات، باب الراء، ص ۸۰۔
6. ......دلیل الفالحین، باب فی الرجاء، الجزء: ۴، ۲/ ۳۲۱، تحت الحدیث: ۴۱۹۔



www.dawateislami.net

## ”محمد غلام دستگیر“ اور ”محمد حُسین رضا“ نام رکھنا کیسا؟

**سُوال:** کیا ”محمد غلام دستگیر“ اور ”محمد حُسین رضا“ نام رکھ سکتے ہیں؟

**جواب:** ایک عالِم صاحب حضرتِ علامہ مولانا غلام آسی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے اپنے نام کے شروع میں بَرَکت کے لئے لفظِ ”محمد“ شامل کر کے ”محمد غلام آسی“ نام رکھ لیا، اس پر شہزادۂ اعلیٰ حضرت حضور مفتیِ اعظم ہند مولانا مُصطفٰے رضا خان رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے منع کرتے ہوئے فرمایا ”یہ نام ٹھیک نہیں“ انہوں نے پوچھا ”محمد عَبْدُ الْحَیّ“ نام رکھ سکتے ہیں؟ آپ رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے فرمایا ”کہاں عَبْدُ الْحَیّ اور کہاں غلامِ آسی!“ کیونکہ ”محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم، عَبْدُ الْحَیّ یعنی اللہ پاک کے بندے ہیں مگر ”غلامِ آسی“ یعنی ”آسی کے غلام“ نہیں ہوسکتے، ساری مخلوق محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی غلام ہے۔[1]

”محمد“ ”غلام دستگیر“ نہیں ہوسکتے۔ ”دستگیر“ حضور غَوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کو کہتے ہیں اس کا معنیٰ ہے ”ہاتھ پکڑنے والا، مدد کرنے والا، حمایت کرنے والا“ تو جو دستگیر ہیں یعنی حضور غَوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ وہ خود محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے غلام ہیں تو ”محمد“ ان کے غلام کیسے ہوسکتے ہیں؟ یاد رہے! حُضور مفتیِ اعظم ہند رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کی مَدَنی سوچ تھی اور یہ سوچ آپ کو اپنے والدِ محترم اعلیٰ حضرت اِمام اَحمد رَضا خان رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ سے عطا ہوئی تھی چنانچہ اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے بھی اسی طرح لکھا ہے کہ ”غلام معینُ الدین“ کے ساتھ لفظِ ”محمد“ شامل نہ کیا جائے اور فرمایا کہ ”یہ بہت باریک نقطہ ہے جو بہت مشکل سے سمجھ میں آتا ہے“ یا اس طرح فرمایا کہ ”سب کی سمجھ میں نہیں آتا، بڑے بڑوں کے نام لفظِ ”محمد“ کے ساتھ ہوتے ہیں۔[2] یاد رکھیے! اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ نے اس کو ناجائز نہیں لکھا مگر بچنا چاہیے۔

## ”محمد غلام ثقلین“ نام رکھنا کیسا؟

**سُوال:** کیا ”محمد غلام ثقلین“ نام رکھ سکتے ہیں؟

**جواب:** ”غلام ثقلین“ بہت عجیب و غریب نام ہے۔ نیز اگر اس نام سے پہلے لفظ ”محمد“ بھی شامل کر دیا جائے تو اس میں بھی کچھ مسئلہ ہو جائے گا۔ اگرچہ ”ثقلین“ بہت خوبصورت لفظ ہے اس کا معنیٰ ”جنات اور انسان“ ہے، مگر ہم جنات اور

---

1 ...... جہانِ مفتیِ اعظم، ص ۱۵۱ ماخوذاً۔ 2 ...... فتاویٰ رضویہ، ۲۴ / ۶۸۳ ماخوذاً۔



www.dawateislami.net

انسان کی غلامی کیوں کریں؟ ہم تو سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے غلام ہیں! یادر ہے میں اس کو ناجائز نہیں کہہ رہا۔ عوام کو علم نہیں ہوتا وہ بلاسوچے سمجھے نام رکھ دیتے ہیں اگر ان کو پتا چلے کے "عزازیل" بھی کوئی لفظ ہے تو ہوسکتا وہ اس کو اسرافیل، اسرائیل اور جبرائیل کی طرح مَعَاذَ اللّٰہ مُقَدَّس لفظ سمجھ کر اپنے بچوں کا نام "عزازیل" ہی رکھ دیں! حالانکہ یہ "شیطان" کا نام ہے۔[1] یعنی "عزازیل" وہ ہے جس کے گلے میں قیامت تک کے لیے لعنت کا طوق ڈال دیا گیا۔ اِسی طرح شیطان کو ابلیس بھی کہتے ہیں یہ اپنی شرارت کی وجہ سے "شیطان" اور "اِبلیس" ہوا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس کو پہلے سے اِبلیس کہا جاتا ہو۔ بہرحال ہمیں اپنے بچوں کا نام عُلَمائے کرام اور بزرگوں سے مشورہ کرنے کے بعد رکھنا چاہیے۔

**یادر ہے!** "بزرگ" سے "خاندان کے بزرگ" مُراد نہیں کیونکہ خاندان کے بزرگ اگر "اہلِ علم" نہیں تو انہیں نام رکھنے کے حوالے سے علم نہیں ہو گا، بزرگوں سے "اہلِ عِلْم" حضرات مُراد ہیں، صرف مسجد کا امام ہونا اہلِ علم ہونے کی دلیل نہیں ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ اب تو "دارُ الافتا اَہلِ سُنَّت" ہماری راہ نمائی کے لیے موجود ہیں لہٰذا "دارُ الافتا اَہلِ سُنّت"[2] سے پوچھا جاسکتا ہے کہ کیا میں فلاں نام رکھ لوں؟ اگر وہ "ہاں" فرمائیں تو رکھ لیجیے اور "نہ" فرمائیں تو بدل دیجیے اور ان سے کوئی اچھا سا نام لے لیجیے، اگر وہ وہی نام رکھنے کا مشورہ دے دیں تو ان کا مشورہ قبول فرمالیجیے۔

## لفظِ "محمد" کس طرح کے ناموں کے ساتھ شامل کیا جاسکتا ہے؟

**سُوال:** لفظِ "محمد" کس طرح کے ناموں کے ساتھ شامل کیا جاسکتا ہے؟[3]

**جواب:** ایسا نام جس کا معنٰی سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے شایانِ شان ہو کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ایسے ہیں تو اس نام کے ساتھ لفظِ "محمد" کو شامل کیا جاسکتا ہے جیسے "محمد افضل" نام رکھنے میں حرج نہیں ہے کہ سرکارِ مدینہ

1 ......تفسیر طبری، پ۱، البقرۃ، تحت الآیۃ: ۳۴، ۱/ ۲۶۲۔

2 ...... "دارُ الاِفتاء اہلِ سُنَّت" دعوتِ اِسلامی کا اَہم ترین شعبہ ہے جس کی پاکستان کے مختلف شہروں میں 12 شاخیں قائم ہیں جہاں مفتیانِ کرام بالمشافہ، بذریعہ فون، ای میل اور واٹس ایپ وغیرہ کے ذریعے دنیا بھر کے مسلمانوں کی طرف سے پوچھے جانے والے شرعی مسائل کا حل بتاتے ہیں۔ اب تک دارُ الافتاء اہلِ سُنَّت سے ایک لاکھ سے زائد فتاویٰ جاری کیے جاچکے ہیں۔(شعبہ ملفوظاتِ اَمیرِ اَہلِ سُنَّت)

3 ......یہ سُوال شعبہ ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنت کی طرف سے قائم کیا گیا ہے جبکہ جواب امیرِ اَہلِ سنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا عطا فرمودہ ہی ہے۔(شعبہ ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنت)



www.dawateislami.net

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم واقعی ساری مخلوق میں سب سے افضل ہیں، یوں ہی ”محمد شاکر“ نام رکھنا بھی دُرُست ہے کہ سرکارِ مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم شکر کرنے والے بندے ہیں، ”محمد صابر“ نام رکھنا بھی دُرُست ہے کہ پیارے آقا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم صبر کرنے والے ہیں۔ بہر حال بہتر یہ ہے کہ بندہ ایسے نام رکھنے سے بچے جس کا معنٰی سرکار مدینہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے شایانِ شان نہ ہو جیسے ”محمد غلام غَوث“ نام نہیں رکھنا چاہیے کیونکہ ”محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم“ ”غلامِ غوث“ نہیں ہو سکتے کہ ”غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ“ ”محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم“ کے غلام ہیں۔ بہر حال میں نے یہ مثالیں آپ کو سمجھانے کے لیے عرض کی ہیں، اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو کسی مُفتی صاحب یا دارُ الافتا اہلِ سُنّت سے پوچھ لیجیے گا۔

## سامان، گاڑی، گھر اور پلاٹ بیچنے کا وظیفہ

**سُوال:** جائیداد بیچنے کے لیے کون سا وظیفہ پڑھنا چاہیے؟ (محمد عثمان کا سُوال)

**جواب:** پارہ 13 سورۂ یوسف کی آیت نمبر 80 [1] پڑھ کر سامان، گاڑی، گھر یا پلاٹ الغرض جو بھی بیچنا ہو اس پر دم کر دیں اللہ پاک نے چاہا تو وہ بِک جائے گا۔

## غیرِ رَمضان میں مَدَنی چینل دیکھنے کی عادت کیسے بنائیں؟

**سُوال:** رَمضانُ المبارک کے مہینے میں ہمارے گھر کے اندر 24 گھنٹے مَدَنی چینل لگا رہتا ہے، لیکن جب ماہِ رَمضان رُخصت ہو جاتا ہے تو ہم مَدَنی چینل نہیں دیکھ پاتے، اس حوالے سے آپ کیا اِرشاد فرماتے ہیں؟

**جواب:** واقعی رَمضانُ المبارک میں نیکیوں کی طرف رغبت بڑھ جاتی ہے۔ رَمضانُ المبارک میں اپنا کوئی شیڈول بنائیے کہ اتنی دیر فلاں فلاں کام کریں گے اور اتنی دیر مَدَنی چینل دیکھیں گے پھر مَدَنی چینل دیکھنے کے دوران کوئی دوسرا کام نہ کیا

---

1 ......﴿فَلَمَّا اسْتَایْــٴَـسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِیًّاؕ قَالَ كَبِیْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَیْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَ مِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِیْ یُوْسُفَۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى یَاْذَنَ لِیْۤ اَبِیْۤ اَوْ یَحْكُمَ اللّٰهُ لِیْۚ وَ هُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ(۸۰)﴾ (پ۱۳، یوسف:۸۰) ترجمۂ کنزالایمان: پھر جب اس سے نااُمید ہوئے الگ جا کر سرگوشی کرنے لگے اُن کا بڑا بھائی بولا کیا تمہیں خبر نہیں کہ تمہارے باپ نے تم سے اللہ کا عہد لے لیا تھا اور اس سے پہلے یوسف کے حق میں تم نے کیسی تقصیر کی تو میں یہاں سے نہ ٹلوں گا یہاں تک کہ میرے باپ اجازت دیں یا اللہ مجھے حکم فرمائے اور اس کا حکم سب سے بہتر۔

(شعبہ ملفوظاتِ اَمیرِ اَہلِ سُنّت)



www.dawateislami.net

جائے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مَدَنی چینل دیکھنے کے لیے ایک وقت مقرر کر لیا جائے، وقت مقرر کرنے میں یہ ہو گا کہ بالفرض آپ کی پسند کا سلسلہ دوسرے وقت پر آیا تو آپ اپنی پسند کا سلسلہ بھی دیکھ لیجیے گا ساتھ ساتھ وقتِ مقررہ والا سلسلہ بھی دیکھ لیجیے گا۔ اگر آپ اس طرح کوشش کریں گے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہ مَدَنی چینل دیکھنے کی عادت ہو جائے گی۔

## کیا حضرتِ سَیِّدُنا خضر حُضور سیِّدِ عالَم کی اُمَّت میں شامل ہیں؟

**سُوال:** کیا حضرتِ سَیِّدُنا خضر عَلٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام حضور سیِّدِ عالَم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی اُمَّت میں شامل ہیں، اگر شامل ہیں تو کس موقع پر ظاہر ہوں گے؟ (سائل: محسن علی عطاری، لاہور)

**جواب:** حضرتِ سَیِّدُنا خضر عَلٰی نَبِیِّنا وَعَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ظاہری طور پر حیات ہیں۔[1] سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نبی الانبیاء ہیں یعنی انبیائے کرام کے بھی نبی ہیں،[2] یوں حضرتِ سَیِّدُنا خضر عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام ہمارے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کے اُمَّتی ہی کہلائیں گے۔ کتابوں میں بزرگانِ دِین کے واقعات ملتے ہیں کہ حضرتِ سَیِّدُنا خضر عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام سے ان کی ملاقات اور گفتگو ہوئی مثلاً غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ کے وعظ میں ان کی تشریف آوری کا واقعہ ملتا ہے، چنانچہ ایک بار غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ نے فَضا میں چند قدم چل کر فرمایا: ”قِفْ یَا اِسْرَائِیْلِی“ یعنی اے اسرائیلی! ٹھہر جائیے۔“ پھر وضاحت فرمائی کہ حضرتِ سَیِّدُنا خضر گزر رہے تھے میں نے عرض کیا کہ ٹھہر جائیے اور وعظ سن لیجئے۔[3]

## روزہ کھولنے کے کتنی دیر بعد مغرب کی نماز پڑھ سکتے ہیں؟

**سُوال:** روزہ کھولنے کے کتنی دیر کے بعد مغرب کی نماز پڑھ سکتے ہیں؟ (سائل: محمود)

**جواب:** اذانِ مغرب اور نماز کے درمیان دو رکعت سے زیادہ تاخیر نہ ہو تو اچھا ہے۔[4] لوگ مساجد میں دیر تک افطاری کرتے رہتے ہیں اگرچہ یہ گناہ گار نہیں ہیں لیکن بہتر یہ ہے کہ افطار میں پانی پی لیں اور نماز پڑھ لیں۔

---

1 ......الاصابۃ، حرف الخاء، ۲/۲۵۲، رقم: ۲۲۷۵ ماخوذاً۔

2 ......فتاویٰ رضویہ، ٦/۵۱۴۔

3 ......اشعۃ اللمعات، کتاب الفتن، باب قرب الساعۃ، فصل اول، ۴/۳۷۸۔

4 ......بہارِ شریعت، ۱/۴۵۳، حصہ: ۳ ماخوذاً۔



www.dawateislami.net

## اِسلامی بہن کو اعتکاف میں کیا عبادت کرنی چاہیے؟

**سُوال:** اگر کوئی اِسلامی بہن اعتکاف میں بیٹھے تو اسے کیا عبادت کرنی چاہیے؟ (سائلہ: اُمِّ ہانی، فیصل آباد)

**جواب:** اعتکاف میں پانچوں وقت کی نماز پڑھیں، اگر خدانخواستہ قضائے عمری ہے تو وہ پوری کریں ورنہ نوافل پڑھیں، قرآنِ کریم کی تلاوت کریں، تسبیح پڑھیں، دُرُود شریف کی کثرت کریں، فضول باتوں سے بچیں، دینی کتابوں کا مُطالعہ کریں، اگر "پردے کے بارے میں سوال جواب"[1] کتاب نہیں پڑھی تو ضرور پڑھیں، اسی طرح مکتبۃُ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ "زخمی سانپ"[2] پڑھ لیں کہ وہ بھی پردے کے حوالے سے بہت مُفید ہے۔

## کیا سَیِّد دوسرے سَیِّد کو زکوٰۃ یا صدقۂ فطر دے سکتا ہے؟

**سُوال:** کیا ایک سَیِّد دوسرے سَیِّد کو زکوٰۃ یا صدقۂ فطر دے سکتا ہے؟

**جواب:** ایک سَیِّد دوسرے سَیِّد کو زکوٰۃ یا صدقۂ فطر نہیں دے سکتا۔[3]

## گھروں میں غوثِ پاک کی تصویر لگانا کیسا؟

**سُوال:** کیا غوثِ پاک کی تصویر گھر میں لگا سکتے ہیں؟

**جواب:** نہیں لگا سکتے۔ غوثِ پاک رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ کی جو تصویر بتائی جاتی ہے وہ فرضی تصویر ہے اس میں داڑھی بھی چھوٹی دکھاتے ہیں، اگر داڑھی پوری بھی دِکھائیں تب بھی کسی کی تصویر فریم کروا کر گھر میں لگانا گناہ ہے، اپنے ماں باپ کی یا اپنے پیر صاحب کی تصویر بھی نہیں لگا سکتے۔ بعض لوگ جانوروں مثلاً گدھا، گھوڑا وغیرہ کی تصویر شو پیس کے طور پر لگاتے ہیں یہ

---

1 ...... "پردے کے بارے میں سُوال جواب" یہ امیرِ اہلِ سُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کی 399 صفحات پر مشتمل کتاب ہے جس میں پردے سے متعلق اہم مسائل بیان کیے گئے ہیں مثلاً عورت کا لفظی معنیٰ، زیور کی آواز کا حکم، محارم کی قسمیں، دَیُّوث کی تعریف، مخلوط تعلیم کا شرعی حکم، عشقِ مجازی کے متعلق سُوال جواب وغیرہ۔ یہ کتاب دعوتِ اسلامی کے اِشاعتی اِدارے مکتبۃُ المدینہ سے ھَدِیَّۃً حاصل کی جاسکتی ہے۔ (شعبہ ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سُنَّت)

2 ...... "زخمی سانپ" یہ اَمیرِ اہلِ سُنَّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا 19 صفحات پر مشتمل رِسالہ ہے جس میں پردے کے حوالے اہم معلومات شامل کی گئیں ہیں مثلاً بے پردگی کی ہولناک سزا، ماں کی قدم بوسی کی فضیلت وغیرہ کو بیان فرمایا ہے۔ یہ رسالہ دعوتِ اِسلامی کے اِشاعتی اِدارے مکتبۃُ المدینہ سے ھَدِیَّۃً حاصل کیا جاسکتا ہے۔ (شعبہ ملفوظاتِ اَمیرِ اہلِ سُنَّت)

3 ...... فتاویٰ رضویہ، ۱۰/۲۸۷ تا ۲۸۹ ماخوذاً۔



www.dawateislami.net

بھی نہیں لگا سکتے، گھر میں جاندار کی تصویر لگانے سے رحمت کے فِرِشتے نہیں آئیں گے۔ [1] البتہ سبز گنبد یا کعبہ شریف کی تصویر لگا سکتے ہیں، نیز ٹی وی پر جو تصویر نظر آتی ہے اس کو ڈیجیٹل فوٹو بولتے ہیں یہ شعاعیں ہیں جو نظر آتی ہیں اور چلی جاتی ہیں، یہ وہ تصویر نہیں ہے (جو منع ہے) اسی طرح آئینے میں جو عکس نظر آتا ہے وہ بھی تصویر کے حکم میں نہیں ہے۔ [2]

## ڈیجیٹل فوٹو سے پینا فلیکس بنانا کیسا؟

**سُوال:** بعض لوگ یوں کرتے ہیں کہ جو ٹی وی پر آتے ہیں، ٹی وی سے ان کی تصویر کھینچ کر پینا فلیکس بنا دیتے ہیں اور سمجھتے ہیں جب یہ درست ہے تو وہ بھی درست ہے، کیا ایسا کرنا دُرُست ہے؟ (نگرانِ شوریٰ کا سُوال)

**جواب:** ایسا کرنا درست نہیں ہے، ان دونوں میں بڑا فرق ہے یہ (پینا فلیکس بنانا) جائز نہیں ہے۔

## حافظِ قرآن کو روزانہ کتنے پارے پڑھنے چاہئیں؟

**سُوال:** حافظِ قرآن کو روزانہ کتنے پارے پڑھنے چاہئیں نیز اس کے لئے مناسب اور اچھا وقت کون سا ہے؟

**جواب:** حَسْبِ توفیق تلاوتِ قُرآن کرنی چاہیے، تلاوتِ قُرآن کرنے والے ایک دن میں چند پارے نہیں بلکہ ایک دن میں کئی کئی قرآن پڑھنے والے مزارات میں چلے گئے! مجھے کسی کی کارکردگی ملی تھی کہ انہوں نے رمضان میں دو دن میں ایک قرآنِ پاک مکمل پڑھا، بعض پڑھنے والے واقعی اس طرح قرآن پڑھتے ہیں۔ لیکن قرآن پاک درست پڑھنا ضروری ہے یعنی حروف کے مَخارِج صحیح ہوں، ان کی ادائیگی مکمل ہو، حدر پڑھنے میں تجوید کی رعایت لازمی کی جائے۔ بعض اوقات لوگ پڑھتے تو ہیں لیکن بہت جلدی جلدی پڑھتے ہیں اور ایسا پڑھتے ہیں کہ وہ پڑھنا درست نہیں ہوتا، حروف بھی چبا جاتے ہیں، مَدّات بھی کھا جاتے ہیں، اس طرح نہ پڑھا جائے، چاہے ایک پارہ، آدھا پارہ پڑھے، پاؤ پارہ، ایک رکوع یا ایک ہی آیت پڑھیں، لیکن جتنا بھی پڑھیں صحیح پڑھیں، تب ہی اُس کی بَرَکتیں ملیں گی۔

---

1 ......بخاری، کتاب بدء الخلق، باب اذا قال احدکم: آمین...الخ، ۲/ ۳۸۵، حدیث: ۳۲۲۵ماخوذاً۔

2 ......T.V اور مووی، ص ۲۴۔



www.dawateislami.net

## اعلیٰ حضرت نے کتنے دن میں حفظِ قُرآن کیا؟

**سُوال:** اعلیٰ حضرت اِمام اَحمد رَضا خان رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه نے کتنے دن میں اور کس وقت میں قرآنِ پاک حفظ کیا؟

**جواب:** لوگ اعلیٰ حضرت اِمام اَحمد رَضا خان رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه کو لاعلمی کی وجہ سے حافظ کہہ دیتے تھے جبکہ آپ حافظ نہیں تھے، آپ نے سوچا کہ لوگ عقیدت میں، حُسنِ ظَن کی بنا پر مجھے حافظ کہتے ہیں، ان کی بات غلط نہ ہو اس لئے میں حافظ بن جاتا ہوں۔ چنانچہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه رَمَضانُ المبارک میں مغرب اور عشا کے وقت کے درمیان روزانہ غور سے ایک پارہ دیکھ لیتے تھے، حالانکہ اس درمیان آپ افطاری بھی کرتے ہوں گے، مغرب کی نماز بھی پڑھتے ہوں گے، اَوّابین کے نوافل بھی ادا کرتے ہوں گے، پھر بھی آپ نے رَمَضان شریف کے مہینے میں اِسی وقت قرآن پاک پورا یاد کر لیا، بے شک آپ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْه کا حافظہ بہت مضبوط اور مِثالی تھا۔

## زخمی میّت کے کفن کو ناپاک ہونے سے کیسے بچائیں؟

**سُوال:** اگر میّت کے زخم ہو اور خون نکل رہا ہو، اِس صُورَت میں کفن کو ناپاک ہونے سے کیسے بچایا جائے؟

**جواب:** میّت کو غسل دے کر کفن لپیٹنے کے بعد اگر نجاست وغیرہ نکلتی ہے تو اس کو بہا دیا جائے، دوبارہ غسل دینے کی ضرورت نہیں ہے۔(1)

(اِس موقع پر مفتی صاحب نے فرمایا:) کفن کا دھونا بھی ضروری نہیں ہے، جو نجاست نکلی ہے اس پر پانی بہا دیا جائے نیز سائل نے جو صورت بیان کی ہے اس میں دھونا ضروری ہی نہیں ہے۔

❁❁❁❁❁

1 ......فتاویٰ ھندیۃ، کتاب الصلاۃ، الباب الحادی والعشرون فی الجنائز، ۱/۱۵۸۔


www.dawateislami.net

# فہرست


| عنوان | صفحہ | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|
| دُرُود شریف کی فضیلت | 1 | روزہ کھولنے کے کتنی دیر بعد مغرب کی نماز پڑھ سکتے ہیں؟ | 6 |
| شریف اِنسان کو "فِرِشتہ" اور شرارَتی اِنسان کو "شیطان" کہنا کیسا؟ | 1 | اِسلامی بہن کو اعتکاف میں کیا عِبادت کرنی چاہیے؟ | 7 |
| "رَحمت" سے کیا مُراد ہے؟ | 1 | کیا سَیِّد دوسرے سَیِّد کو زکوۃ یا صدقۂ فطر دے سکتا ہے؟ | 7 |
| "محمد غلام دستگیر" اور "محمد حُسین رضا" نام رکھنا کیسا؟ | 3 | گھروں میں غوث پاک کی تصویر لگانا کیسا؟ | 7 |
| "محمد غلام ثقلین" نام رکھنا کیسا؟ | 3 | ڈیجیٹل فوٹو سے پینافلیکس بنانا کیسا؟ | 8 |
| لفظِ "محمد" کس طرح کے ناموں کے ساتھ شامل کیا جاسکتا ہے؟ | 4 | حافظِ قرآن کو روز کتنے پارے پڑھنے چاہئیں؟ | 8 |
| سامان، گاڑی، گھر اور پلاٹ بیچنے کا وظیفہ | 5 | اعلیٰ حضرت نے کتنے دن میں حفظِ قُرآن کیا؟ | 9 |
| غیرِ رَمضان میں مَدَنی چینل دیکھنے کی عادت کیسے بنائیں؟ | 5 | زخمی میّت کے کفن کو ناپاک ہونے سے کیسے بچائیں؟ | 9 |
| کیا حضرتِ سَیِّدُنا خضر حُضور سیِّدِ عالم کی اُمّت میں شامل ہیں؟ | 6 | ماخذ و مراجع | 10 |


# ماخذ و مَراجع


| قرآنِ مجید | کلامِ الٰہی | **** |
|---|---|---|
| کتاب کا نام | مصنف / مؤلف / متوفیٰ | مطبوعات |
| کنزالایمان | اعلیٰ حضرت امام احمد رضاخان، متوفی ۱۳۴۰ھ | مکتبۃالمدینہ کراچی ۱۴۳۲ھ |
| تفسیرِ طبری | امام ابو جعفر محمد بن جریر طبری، متوفی ۳۱۰ھ | دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۲۰ھ |
| تفسیرِ نعیمی | حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی، متوفی ۱۳۹۱ھ | ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور |
| بخاری | امام ابوعبدُ اللہ محمد بن اسماعیل بخاری، متوفی ۲۵۶ھ | دارالکتب العلمیۃ بیروت ۱۴۱۹ھ |
| ترمذی | امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی، متوفی ۲۷۹ھ | دار الفکر ۱۴۱۴ھ |
| شرح السنة | امام ابو محمد حسین بن مسعود بغوی، متوفی ۵۱۶ھ | دار الکتب العلمیۃ بیروت |
| دليل الفالحين | محمد بن علان صدیقی شافعی، متوفی ۱۰۵۷ھ | دار المعرفۃ بیروت |
| اشعةاللمعات | شیخ محقق عبد الحق محدث دہلوی، متوفی ۱۰۵۲ھ | کوئٹہ |
| الاصابة | امام حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی، متوفی ۸۵۲ھ | دارالکتب العلمیۃ بیروت |
| فتاویٰ هندية | ملانظام الدین، متوفی ۱۱۶۱، وعلمائے ھند | دارالفکر بیروت ۱۴۱۱ھ |
| فتاویٰ رضویہ | اعلیٰ حضرت امام احمد رضاخان، متوفی ۱۳۴۰ھ | رضافاؤنڈیشن لاہور ۱۴۲۷ھ |
| بہارِ شریعت | مفتی محمد امجد علی اعظمی، متوفی ۱۳۶۷ھ | مکتبۃالمدینہ کراچی ۱۴۲۹ھ |
| جہانِ مفتی اعظم | مرتبین | رضا اکیڈمی ممبئی |
| کفریہ کلمات کے بارے میں سُوال جواب | امیرِ اہلِ سنت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی | مکتبۃالمدینہ کراچی |
| التعریفات | سید شریف علی بن محمد بن علی الجرجانی الحنفی، متوفی ۸۱۶ھ | کراچی |
| T.V اور مووی | مجلس افتاء | مکتبۃالمدینہ کراچی |

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## نیک نمازی بننے کیلئے

ہر جمعرات بعد نمازِ مغرب آپ کے یہاں ہونے والے **دعوتِ اسلامی** کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں رضائے الٰہی کے لیے اچھی اچھی نیّتوں کے ساتھ ساری رات شرکت فرمایئے ❁ سنّتوں کی تربیت کے لیے **مدنی قافلے** میں عاشقانِ رسول کے ساتھ ہر ماہ تین دن سفر اور ❁ روزانہ ”غورو فکر“ کے ذریعے **مدنی انعامات** کا رسالہ پُر کر کے ہر اسلامی ماہ کی پہلی تاریخ اپنے یہاں کے ذمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنا لیجئے۔

**میرا مدنی مقصد:** ”مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔“ اِنْ شَآءَ اللّٰہ۔ اپنی اصلاح کے لیے ”**مدنی انعامات**“ پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے ”**مدنی قافلوں**“ میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ۔





ISBN 978-969-631-642-8
0125728



فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، کراچی
UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650 / 1144
Web: www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
Email: feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net